## ایم کیوایم اوورسیز فارن افیئر زڈویژن کے رکن محمد یونس کے بہنوئی محمد صدیق علالت کے باعث کراچی میں انتقال کر گئے

## میوہ شاہ قبرستان میں سپردخاک کردیا گیا، جنازے میں رابطہ کمیٹی کے ارکان، حق پرست صوبائی وزراء، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی، ایم کیوایم کے مقامی ذمہ داروں اور کارکنوں کی شرکت

کراچی ۔۔۔2فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کے بہنوئی اور ایم کیوایم اوورسیز فارن افیئر زڈویژن کے رکن محمد یونس کے بہنوئی محمد صدیق طویل علالت کے باعث آج کراچی میں انتقال کر گئے ۔مرحوم کی عمر 77 سال تھی ۔وہ کافی عرصہ سے علیل تھے۔مرحوم کے پسماندگان میں بیوہ اور تین بیٹے شامل ہیں۔ محمد صدیق مرحوم کو آج شام میوہ شاہ قبرستان میں سپردخاک کردیا گیا۔صدیق مرحوم کی نماز جنازہ نیوٹاؤن کی دارالامجد یہ مسجد میں ادا کی گئی۔مرحوم کے جنازے میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان شعیب بخاری ایڈوکیٹ، شاہد لطیف، حق پرست صوبائی وزراء رؤف صدیقی، خالد عمر، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی سفیان یوسف، رشید گوڈیل، خالد بن ولایت ایڈوکیٹ، ایم کیوایم کراچی تنظیمی کمیٹی کے انچارج حماد صدیقی، ایم کیوایم کے مقامی ذمہ داروں، کارکنوں اور مرحوم کے عزیز واقارب کی بڑی تعداد نے شرکت کی ۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، حق پرست نمائندوں اور دیگر ذمہ داران نے مرحوم کے صاحبزادوں سے تعزیت کی ۔

## ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کی فون پر محمد یونس سے تعزیت

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کا محمد یونس سے ان کے بہنوئی محمد صدیق کے انتقال پر اظہار تعزیت

لندن ۔۔۔2فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم اوورسیز فارن افیئر زڈویژن کے رکن محمد یونس کو فون کر کے ان سے انکے بہنوئی محمد صدیق کے انتقال پر تعزیت کی ۔جناب الطاف حسین نے محمد یونس اور ان کے مرحوم بہنوئی کے تمام لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ محمد صدیق مرحوم کی مغفرت فرمائے، انہیں اپنی جوار رحمت میں جگہ دے اور تمام سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے بھی محمد یونس سے ان کے بہنوئی محمد صدیق کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے اور دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ صدیق مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ دے اور تمام اہل خانہ کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

## مسلم لیگ ن کے رہنما شیر اعظم خان کے سفاکانہ قتل پر ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کا اظہار مذمت

## شیر اعظم خان کے قتل کی تحقیقات کرائی جائے اور قاتلوں کو گرفتار کیا جائے۔الطاف حسین

## شیر اعظم خان کے قتل کے افسوسناک واقعہ پر میاں نواز شریف اور مسلم لیگ ن کے تمام رہنماؤں اور کارکنوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔الطاف حسین

لندن ۔۔۔2 فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے مسلم لیگ ن کے رہنما شیر اعظم خان کے سفاکانہ قتل کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اور اس افسوسناک واقعہ پر مسلم لیگ ن کے سربراہ میاں نواز شریف سے دلی تعزیت کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ قتل کے اس واقعہ کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔انہوں نے وفاقی اور صوبائی حکومت سے مطالبہ کیا کہ شیر اعظم خان کے قتل کے واقعہ کی تحقیقات کرائی جائے، قاتلوں کو گرفتار کر کے قانون کے مطابق انہیں انکے انجام تک پہنچایا جائے، شیر اعظم خان کے لواحقین کو انصاف فراہم کیا جائے اور ان کی سرپرستی ومعاونت کی جائے۔جناب الطاف حسین نے شیر اعظم خان کے تمام لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شیر اعظم خان کی مغفرت فرمائے، انہیں جنت الفردوس میں جگہ دے اور ان کے لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی توفیق دے۔جناب الطاف حسین نے افسوسناک واقعہ پر مسلم لیگ ن کے سربراہ میاں نواز شریف اور مسلم لیگ ن کے تمام رہنماؤں اور کارکنوں سے بھی دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان اس افسوسناک واقعہ پر آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔

## مولانا خلیل الرحمٰن چشتی کی سربراہی میں جماعت اہلسنت کے علماء کے وفد کی رابطہ کمیٹی کے رکن شعیب بخاری سے ملاقات

## وفد نے ماہ ربیع اول میں جناب الطاف حسین کی ہدایت پر کئے جانے والے احسن اقدامات پر تشکر کا اظہار کیا

کراچی ۔۔۔2،فروری 2009ء۔۔۔ناظم اعلیٰ جماعت اہلسنت کراچی (پاکستان) مولانا خلیل الرحمٰن چشتی کی سربراہی میں علماء کے ایک 12 رکنی وفد نے خورشید بیگم میموریل

ہال عزیز آباد میں رابطہ کمیٹی کے رکن شعیب بخاری ایڈوکیٹ سے ملاقات کی اور ماہِ ربیع الاول میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر عاشقان رسولؐ اور فرزندان توحید کیلئے احسن اقدامات کرنے پر تشکر کا اظہار کیا۔اس موقع پر ایم کیو ایم علماء کمیٹی کے انچارج عقیل لودھی، اراکین مولانا سید شاہ فیروز الدین رحمانی اور مولانا محمد ناصر بھی موجود تھے ۔ملاقات میں مولانا خلیل الرحمٰن چشتی نے قیام امن اور اس کے فروغ اور فرقہ واریت کے خاتمے کیلئے اپنے بھرپور تعاون کا بھی یقین دلایا۔اس موقع پر شعیب بخاری نے علمائے کرام کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی خصوصی ہدایت پر ماہ ربیع الاول میں جلوسوں میں شرکت کرنے والے لوگوں کیلئے خصوصی انتظامات کئے جاتے ہیں اور اسی طریقے سے ہم قیام امن واخوت ومحبت کے جذبات کو فروغ دے رہے ہیں ۔انہوں نے مزید کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین اس جذبے کو فروغ دے رہے ہیں کہ اپنے مسلک کو چھوڑو نہیں اور کسی کے مسلک کو چھیڑو نہیں اور متحدہ قومی موومنٹ کا ایک ایک کارکن اس پر عمل پیرا ہے۔

## ایم کیو ایم لانڈھی، سرجانی ٹاؤن اور لیاقت آباد سیکٹرز کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔2،فروری2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 81 کے کارکن محمد سلیم کے بھائی محمد خلیل، ایم کیو ایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر یونٹ خدا کی بستی کے کارکن محمد ایوب کی ہمشیرہ محترمہ یاسمین بانو اور ایم کیو ایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 162 کے بزرگ کارکن سراج احمد صدیقی کے والد عبدالغفور کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## حق پرست نمائندے کشمیری عوام کے مسائل کے حل کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے، سلیم شہزاد

## ایم کیو ایم چاہتی ہے کہ کشمیر کا مسئلہ کشمیری عوام کی خواہشات اور امنگوں کے مطابق حل کیا جائے

## برطانیہ میں مقیم کشمیری کارکنان کی ایم کیو ایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ میں رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ملاقات

لندن۔۔۔2فروری2009ء۔۔۔ایم کیو ایم مانچسٹر، شیفیلڈ، ہیلی فیکس، بریڈ فورڈ اور لیڈز کے کشمیری کارکنان نے ایم کیو ایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں رابطہ کمیٹی کے ارکان سلیم شہزاد، محمد اشفاق اور قاسم علی رضا سے ملاقات کی۔اس موقع پر ایم کیو ایم یوکے کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش، رکن محمد منشاء خان، شیفیلڈ یونٹ کے کارکنان ذوالفقار احمد، شبیر احمد، ہیلی فیکس کے جاوید حسین اور مانچسٹر کے ڈاکٹر سرور خان بھی موجود تھے۔وفد کے ارکان نے ڈاکٹر فاروق ستار کو وفاقی وزیر برائے اوورسیز پاکستانیز، سلیم بٹ کو کشمیر کی قانون ساز اسمبلی کے ڈپٹی اسپیکر اور طاہر کھوکھر کو آزاد کشمیر وزیر کے منصب پر فائز ہونے کی مبارکباد پیش کی۔وفد کے ارکان نے رابطہ کمیٹی کو پاکستان میں کشمیری عوام کو درپیش مسائل سے بھی آگاہ کیا۔انہوں کہا کہ پاکستان کے ایئرپورٹس پر معذور افراد کیلئے لفٹ اور اسلام آباد ایئرپورٹ پر کشمیر کاؤنٹر کی سہولیات نہ ہونے کے بارے، کشمیری عوام مسائل کا شکار ہیں جبکہ ایئرپورٹ پر عملہ کے ارکان کی جانب سے کشمیری مسافروں کو زیادتیوں کا نشانہ بنایا جاتا ہے۔انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر میرپور کے گردونواح میں اسکول اور اسپتال نہ ہونے کے باعث کشمیری عوام صحت اور تعلیم کی سہولیات سے محروم ہیں۔رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد نے کہا کہ ایم کیو ایم کشمیری عوام کے مسائل کا حل چاہتی ہے اور حق پرست منتخب نمائندے کشمیری عوام کے مسائل کے حل کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم مظلوم کشمیری عوام کے ساتھ ہے اور ایم کیو ایم کا شروع دن سے مؤقف ہے کہ کشمیر کا مسئلہ کشمیری عوام کی خواہشات اور امنگوں کے مطابق حل کیا جائے۔

## کراچی میں ڈبل سواری پر عائد پابندی ختم کی جائے، شیخ صلاح الدین

لندن۔۔۔2فروری2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست رکن قومی اسمبلی شیخ صلاح الدین نے مطالبہ کیا ہے کہ کراچی میں ڈبل سواری پر عائد پابندی ختم کی جائے۔ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ کراچی میں گزشتہ تین دو ماہ سے ڈبل سواری پر پابندی عائد ہے اور اس میں مزید ایک ماہ کا اضافہ کردیا گیا ہے جو کہ کراچی کے شہریوں کے ساتھ سراسر ظلم ہے۔انہوں نے کہا کہ ڈبل سواری پر عائد پابندی کا فائدہ صرف ٹرانسپورٹ مافیا کو ہورہا ہے اور اخباری اطلاعات کے مطابق اب تک ڈبل سواری پر عائد پابندی کی وجہ سے ٹرانسپورٹ مافیا 74 کروڑ روپے کما چکی ہے۔شیخ صلاح الدین نے وفاقی مشیر داخلہ رحمان ملک، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد، وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ اور صوبائی وزیر داخلہ ڈاکٹر ذوالفقار مرزا سے مطالبہ کیا کہ کراچی میں ڈبل سواری پر عائد پابندی ختم کی جائے اور شہریوں کو درپیش مسائل کے حل کیلئے مثبت اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔

☆☆☆☆☆